## معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| بُہتیرے | : | بہت سارے |
| سپرد کرنا | : | حوالے کرنا |
| اجرت | : | بدلہ، معاوضہ |
| موٹا جھوٹا | : | بہت معمولی، جو سستا ہو |
| دال دلیا | : | معمولی کھانا |
| گذر کرنا | : | معمولی طریقے سے زندگی گذارنا |
| گزی گاڑھے | : | ایک قسم کا معمولی موٹا کپڑا |
| کھِیلیں | : | کھیل کی جمع، بھُنا ہوا اناج جو چٹخ کر پھول گیا ہو |
| احباب | : | ساتھی، دوست |
| رنگ رلیاں | : | عیش وعشرت |
| دُھن کا پکّا ہونا (محاورہ) | : | ارادے کا پکّا ہونا |
| مکھی چوس | : | بہت ہی کنجوس |
| چُپ چپاتے | : | خاموشی کے ساتھ، چھپ کر، کسی کو بتائے بغیر |
| مستحق | : | ضرورت مند، حق دار |
| سخاوت | : | دوسروں پر زیادہ خرچ کرنا، دریا دلی |
| قومی کام | : | قوم کی بھلائی کے کام |
| یک سوئی سے | : | بہت توجہ کے ساتھ، اطمینان |
| سَر لینا | : | ذمّے لینا |
| خفا | : | ناراض |
| ٹھیس لگنا | : | دُکھ پہنچنا |
| سُبک | : | نازک، ہلکی |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| پشتے | : | وہ چمڑا یا کپڑا جس میں کتاب کے پُٹھّے جوڑے جاتے ہیں |
| درج | : | لکھا ہوا |
| کیفیت | : | تفصیل، حالت |
| ناظم | : | انتظام کرنے والا، منتظم |
| نسخہ | : | مراد کتاب |
| جزائے خیر (دعائیہ کلمہ) | : | اچھا بدلہ |
| اندراج | : | درج کیا ہوا |
| شاخ | : | برانچ، کسی بڑے ادارے کا چھوٹا حصّہ جو اسی نام سے کسی دوسری جگہ قائم ہو |
| تمدّنی ہستی | : | تہذیبی پہچان |
| ورق گردانی | : | ورق پلٹنا |
| سو سُنار کی ایک لوہار کی (کہاوت) | : | وہ ایک بڑی بات جو سو چھوٹی چھوٹی باتوں پر بھاری پڑے |
| ہزار دفعہ | : | کئی بار |
| جی خون کرنا (محاورہ) | : | سخت تکلیف پہنچانا |
| غفلت | : | بے ہوشی جیسی حالت |
| حالت غیر ہونا (محاورہ) | : | حال خراب ہونا |
| عظیم الشان | : | بڑی شان والا |
| ناتواں | : | کمزور |
| خفیف | : | ہلکی |
| اشہد انَّ مُحمّدَ الرَّسول الله | : | میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| موذّن | : | اذان دینے والا |
| کارواں سالار | : | قافلے کا سردار |
| رسالت | : | رسول ہونا |
| اُمّت | : | وہ قوم جو کسی رسول کی پیروی کرے |

## سوچیے اور بتائیے

1. نیک آدمی میں کیا خوبیاں تھیں؟
2. لوگ اس نیک آدمی کو بُرا کیوں کہتے تھے؟
3. بعض لوگ اس کی دولت سے کیوں جلتے تھے؟
4. وہ نیک آدمی اپنی دولت کن کاموں پر خرچ کرتا تھا؟
5. وہ سیدھے ہاتھ سے دیتا تو الٹے ہاتھ کو خبر نہ ہوتی اس جملے کا کیا مطلب ہے؟
6. نیک آدمی کی ''حسابِ امانت'' میں کیا درج تھا؟
7. لوگوں کی باتوں سے تنگ آ کر نیک آدمی کیا کرتا تھا؟
8. نیک آدمی کا ارادہ کیا تھا؟
9. نیک آدمی نے آخری وقت میں اپنے ارادے پر عمل کیوں نہیں کیا؟

## اس سبق میں لفظ امانت دار آیا ہے۔ جس کے معنی ہیں امانت رکھنے والا۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آگے 'دار' لگا کر لفظ بنائیے

دم سمجھ شان عزّت خبر طرح وفا ہوا جان خار

© NCERT not to be republished

## نیچے دیے ہوئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے

دُھن کا پکّا ہونا　　ٹھیس لگنا　　جی خون ہونا　　سر نہ اٹھنا　　حالت غیر ہونا

## لکھیے

نیک آدمی کی کہانی اپنے لفظوں میں لکھیے
اس کہانی کا کوئی نیا عنوان لکھیے

## غور کرنے کی بات

- ''اس نیک آدمی کے پاس بڑی دولت تھی۔ مگر یہ ان لوگوں میں تھا جو اپنے دھن دولت کو اپنا نہیں سمجھتے بلکہ اللہ میاں کی امانت جانتے ہیں۔ جو بس اس لیے ان کے سپرد کی جاتی ہے کہ اسے اس کے بندوں پر صَرف کریں۔ خود ان کی اُجرت یہ ہے کہ اس میں سے یہ بھی بس موٹا جھوٹا پہن لیں اور دال دلیا کھا کر گذر کر لیں''۔
اس عبارت میں مصنّف نے نیک لوگوں کی کتنی اچھی تعریف کی ہے کہ وہ نیک لوگ جنھیں اللہ نے دولت دی ہے مغرور اور گھمنڈی نہیں ہوتے بلکہ اپنی دولت کو ضرورت مندوں پر خرچ کرنے کے لیے اللہ کی امانت سمجھتے ہیں اور خود سادہ زندگی گزارتے ہیں۔
- ''آؤ آج تمھیں ایک بہت اچھے آدمی کا حال سنائیں جسے اس کے جیتے جی بہتیرے لوگ بُرا بُرا کہتے تھے۔''
یہ آپ کے سبق کا پہلا جملہ ہے۔ اِس جملے میں لفظ ''بُرا'' دو بار ایک ساتھ آیا ہے۔ لفظ کے دو بار ایک ساتھ آنے کو تکرار کہتے ہیں جیسے ساتھ ساتھ بیٹھنا، بار بار کہنا، مزے مزے کی باتیں وغیرہ۔

© NCERT not to be republished